سلام محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

چہل میم غیر منقوط ۱۳

محمد عزیز سلطان ناچیز

۷۸۶/۹۲

سلام محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

چہل میم غیر منقوط ۱۳



۷۸۶/۹۲

نقش تحفۂ روحانی وحل المشکلات

مَعَ اسْمِ اللهِ الْمَلِكِ السَّلٰمِ

ص م ح م د صلی اللہ علیہ وسلم

ص ح م د م صلی اللہ علیہ وسلم

ص م د م ح صلی اللہ علیہ وسلم

ص د م ح م صلی اللہ علیہ وسلم

اس نقش کو دیکھنے والے کی
ہر مشکل حل ہوگی انشاء اللہ

بموقع ربیع اوّل ۱۴۳۸ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین
وحضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم

محمد عزیز سلطان ناچیز

سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط (۱۳)

مَعَ اسۡمِ اللهِ الۡمَلِكِ السَّلٰمِ ○ اَللّٰهُمَّ
لَكَ الۡحَمۡدُ الدَّائِمُ لَااِلٰهَ اِلَّا اللهُ صَلِّ وَسَلِّمۡ
كَامِلًا مُّكَرَّمًا عَلٰى مَوۡلَائِيۡ كَمَالِكَ ○ اِسۡمُهٗ
مَحۡمُوۡدٌ وَّمُطَهَّرٍ وَّمُلۡهِمٍ وَّ اَمۡرِكَ وَمَسۡرُوۡرِكَ
وَاَصۡلِ الۡمَلٰئِكِ وَاللَّوۡحِ وَمَسۡطُوۡرِهٖ وَالۡكُرۡسِيِّ
وَوُسۡعِهٖ وَمَحَامِدِكَ الۡاَوۡلٰى لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَهُوَ
كَلَامُكَ الۡوُدُّ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللهِ ○ وَصَارَ وَالِدُهٗ
اَصۡلَحَ الۡوَالِدِ وَاُمُّهٗ اَصۡلَحَ الۡاُمِّ وَاٰلُهٗ اَصۡلَحَ
الۡاٰلِ وَعَلٰى وَالِدِهٖ وَاُمِّهٖ وَاٰلِهٖ وَالۡمَوۡلٰى عَلِيٍّ
وَّوَلَدَىۡ عَلِيٍّ وَّاُمِّهِمَا ○ وَمُحِي الۡاِسۡلَامِ وَاٰلِهٖ
وَوَالِي الۡاِسۡلَامِ وَاٰلِهٖ وَاَحۡمَدَ وَلِيِّ اللهِ وَحَوَارِيِّ

وَلِیِّ اللّٰہِ وَاٰلِہٖ وَکُلِّ اُمَمِ رَسُوْلِ اللّٰہِ عَدَدَ اٰلَآءِ اللّٰہِ کُلَّ الْحَالِ ○

مراد

اللہ کے اسم کے سہارے کہ وہی مالک وسلامی والا ہے اے ہمارے اللہ سارا دائمی حمد اللہ ہی کے لئے ہے، واحد اللہ ہی الٰہ ہے، کامل اکرام والا درود وسلام ہمارے مولیٰ اللہ کے کمال کے لئے ہو، کہ اس کا اسم محمود ہے اور (درود وسلام) مطہر کے لئے ہو، الہام والے کے لئے ہو، اللہ کے امر کے لئے ہو، اور اللہ کے مسرور کے لئے ہو، ملائکہ اور لوح اور اس کے مسطور کی اصل کے لئے ہو، کرسی اور اس سے وصل والے کی اصل کے لئے ہو اور اللہ کی عمدہ حمد لا الٰہ الا اللہ والے کے لئے ہو اور وہ اللہ کا کلامِ وُدمحمد ﷺ اللہ کا رسول ہے اور اس رسول کے والد صالح ہوئے سارے والد سے اور ماں ساری ماؤں سے اور آل واولاد سارے آل واولاد سے اور (درود وسلام) اس رسول کے والد کے لئے ہو اور ماں کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لاڈلوں کے لئے ہو اور مولیٰ علی کے لاڈلوں کی والدہ کے لئے ہو، اسلام کے محی کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، اسلام

کے مددگار کے لئے ہواور آل کے لئے ہواور احمد ولی اللہ کے لئے ہواور ولی اللہ کے ہم دموں کے لئے ہواور آل کے لئے ہو، اللہ کے رسول کی ساری امم کے لئے ہو ہر دم مع عدد عطائے الٰہی کے۔

توضیحی ترجمہ: اللہ کے اسم کے ساتھ جو مالک ہے سلامتی دینے والا ہے اے ہمارے اللہ تیرے ہی لئے تمام دائمی تعریف ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو بھیج خوب خوب کامل عظمت والا درود وسلام ہمارے مولیٰ اپنے کمال پر کہ جن کا اسم پاک ''خوب خوب تعریف کیا ہوا'' ہے (درود وسلام ہو) خوب ستھرا کرنے والے پر اور الہام حق فرمانے والے پر اور تیرے امر پر اور تیری خوشنودی پر اور تمام فرشتوں، لوح اور اس میں لکھے ہوئے کی اصل پر، کرسی اور اس میں سمائے ہوئے کی اصل پر اور تیری سب سے بہتر تعریف لا الٰہ الا اللہ کرنے والے پر اور وہ تیری محبت کا کلام محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں کہ جن کے والد (سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ) تمام والد میں سب سے زیادہ نیک ہیں اور جن کی ماں (بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا) تمام ماؤں میں سب سے زیادہ نیک ہیں اور جن کی آل واولاد تمام آل واولاد میں سب سے زیادہ نیک ہیں اور (درود وسلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والد پر اور آپ ﷺ کی والدہ پر اور آل پر، حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پر اور مولیٰ علی کے

دونوں لاڈلوں امام حسن وامام حسین علیہما السلام پر اور حسنین کریمین کی والدہ خاتون جنت سیدہ بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا پر اور دین کے زندہ کرنے والے محی الدین سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ پر آپ کی آل پر اور دین کے مددگار خواجہ معین الدین حسن سنجری پر آپ کی آل پر اور حضرت مخدوم سید احمد ولی اللہ پر، آپ کے اصحاب روحانی پر اور آل پر اور اللہ کے رسول کے سارے امتیوں پر ہر دم نعمت الٰہی کی تعداد کے مطابق۔

فضیلت سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط (۱۳)

جو شخص اس درود کو روزانہ ۵/۱۱/۱۰۰/ بار پڑھنے کا اپنا معمول بنائے گا اسے اللہ و رسول کی خوشنودی حاصل ہوگی نیز اسے اہل بیت کی شفقت و محبت حاصل ہوگی وہ زمانہ میں ہر بلا و مصیبت حادثہ و ہلاکت اور نفس کے جملہ شروں سے محفوظ رہے گا۔ ایمان پر خاتمہ ہوگا اور وہ اور وہ عذاب دہر و قبر و حشر سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

نوٹ: آستانہ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم سے متعلق جملہ مطبوعات مثلاً درود روحانی و دعائے قلبی، درود محمدی ﷺ، سلام محمدی ﷺ مع اسرار ''م ح م د'' اور درود چہل میم وغیرہ www.syed14peer.com پر ملاحظہ کر سکتے ہیں۔
Mo. 9695435877

آستانہ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد

www.syed14peer.com